گریس بائبل چرچ پاکستان کا مقصد ہے کہ کھوئی ہوئی اور دم توڑتی ہوئی دُنیا تک خداوند یسوع مسیح کی خوشخبری کا پیغام لے کر جانا ہے. لوقا 19:10

مسئلہ علم الٰہی نہیں، بلکہ عملی علم الٰہیات ہے۔

چار روحانی احکامات

' اُس نِعمت سے غافل نہ رہ جو تُجھے حاصل ہے اور نبُوّت کے ذرِیعہ سے بزُرگوں کے ہاتھ رکھتے وقت تُجھے مِلی تھی۔ اِن باتوں کی فکر رکھ۔ اِن ہی میں مشغُول رہ تاکہ تیری ترقّی سب پر ظاہِر ہو۔ '

1 تیمُتھِیُس 4:14-15

روحانی مضامین پر مبنی بائبل مقدس کا مطالعہ

کلیسیائی روحانی نشوونما کے لئے بائبل مقدس کی آیت با آیت تفسیر.

اُردو میں بائبل مقدس کے پیغامات کو حاصل کرنے کے لئے WhatsApp پر ہم سے رابطہ کریں: 0331-7150633

کلیسیا کی رُوحانی ترقی اور دُنیا میں بیداری اور رُوحانی تبدیلی کے لئے دعا گو.

انجیل کا قرضدار! پادری فیصل جان کھوکھر

چار روحانی احکامات

پرانے عہدنامہ میں 613 حکم ہے. جس میں منفی 365 اور مثبت 248

1۔" اورخدا کے پاک روح کو رنجیدہ نہ کرو جس سے تم پر مخلصی کے دِن کیلئے مہر ہوئی ہے" (افسیوں4:30)۔
25 ویں آیت سے شروع کرکے، سیاق وسباق کا مطالعہ کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ یہ گناہ ہی ہے جو ہمارے اندر سکونت کرنے والے پاک روح کو رنجیدہ کرتا ہے۔
چونکہ یسوع ابلیس کے کاموں کو نیست کرنے کیلئے آیا تھا(1۔یوحنا3:8)،اور چونکہ سب گناہ ابلیس کے ہی ہوتے ہیں، جب ایماندار گناہ کرے تو پاک روح رنجیدہ ہوتا ہے۔ہماری زندگیوں میں گناہ کا اقرار اور اصلاح ہی گناہ کے مسئلہ کا حل ہے.
(امثال28:13؛1۔یوحنا1:7،9)۔

2 ۔ " روح کو نہ بجھاؤ " (1۔ تھسلنیکیوں5:19)۔ ایک بار پھر، سیاق وسباق اِس حکم کو سمجھنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔
آیات 11۔22 سے ہمیں 16 مثبت عمل کے احکامات ملتے ہیں جبکہ صرف 19۔ 20 آیات میں منع کرنے والے احکامات ہیں۔نصیحت کا لُبِ لباب یہ ہے کہ جب ہم "نبوتوں کی حقارت" کرتے ہیں (جو کہ خدا کا کلام ہے)

جب فرمانبرداری میں ناکام ہوتے، تو روح بُجھ جاتا ہے۔ یہاں جو لفظ ترجمہ کیا گیا ہے اس کا مطلب ہے بھڑکتی ہوئی آگ کو ٹھنڈا کردینا یا ڈھانپ دینا اور روک دینا۔ اِس سے ہم نافرمانی (ٹال دینے) کے گناہ کے ہولناک اثرات کے بارے میں سیکھتے ہیں۔ہم صرف خطائیں کرکے ہی اپنی زندگی میں پاک روح کے لئے رکاوٹ نہیں ڈالتے بلکہ اُس وقت بھی جب راست کام کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔لٰہذا ہم سیکھتے ہیں کہ "جو کچھ اعتقاد سے نہیں وہ گناہ ہے"(رومیوں 14:23)۔

3۔"روح سے معمور ہوتے جاؤ" (افسیوں 18:5)۔ لفظ "سے" کی وجہ سے اِس حکم کو سمجھنے میں وسیع پیمانے پر غلطی کی جاتی رہی ہے، جس کا ترجمہ کیا جانا چاہئے تھا "کے ذریعہ سے، یا، کے وسیلہ سے۔" روح سے معمور ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم اس سے بھرتے جاتے ہیں بلکہ اُسے موقع دیں کہ وہ ہمیں مسیح کے کردار یا خصوصیات سے بھرتا جائے۔اِس کا موازنہ گلتیوں 19:4 اور 22:5 میں دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ اُس "معموری" کا ذریعہ ہے جس کے بارے میں پولس نے پہلے افسیوں 19:3-20 میں ذکر کیا ہے۔"روح سے معمور ہوتے جاؤ" کا مطلب ہے اُسے موقع دینا کہ وہ مسیح کی زندگی کو ہمارے اندر اور ہمارے وسیلہ سے ظاہر کرے۔

4۔"روح میں چلو" (گلتیوں 17:5)۔

ایک بار جب ہم پاک روح کو اپنی زندگیوں میں راستہ دے دیتے ہیں، مثلاً "اپنے آپ کو خدا کے حوالہ کرو" (رومیوں 13:6؛ رومیوں 12 :1 ۔2)، تب ہم اُس کی قدرت میں زندہ رہنے کے لائق ہو جاتے ہیں۔

" روح میں چلنا " سے مراد " اُس قدرت کے موافق زندگی گزارنا ہے جو ہم میں تاثیر کرتی ہے " (افسیوں 20:3)۔ جس وقت ہم روح میں زندگی گزار رہے اور اُس کے تابع ہوتے ہیں تب ہم گناہ نہیں کر سکتے. (گلتیوں 16:5 ؛1۔یوحنا 1:5۔7؛ 9:3، 24)۔

ہر مسیحی روحانی طور پر نیا مخلوق ہوتا ہے۔ (2۔کرنتھیوں 17:5)، اور اس کو خدا کے روح کی قدرت کے ساتھ زندگی گزارنے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ صرف "مسیح میں قائم" (یوحنا 1:10۔15) رہنے ہی سے ہے کہ ہم "کثرت کی زندگی" سے لطف اندوز ہوتے ہیں جس کا ذکر یسوع نے کیا تھا (یوحنا 10:10ب)۔تب ہم ایماندار کی زندگی میں روح کے مقاصد کی تکمیل کیلئے مسیح اپنے روح کے وسیلہ سے کام کرتا ہے۔

کلیسیائی روحانی نشو ونما کے لئے بائبل مقدس کی آیت با آیت تفسیر۔

مسیحی زندگی کی روحانی سیڑھی

بنیادی طور پر صرف دو طرح کے روّیے ممکن ہیں:

نتائج

نیکی یا بھلائی - برکت یا لعنت

رُومیوں 12: 14۔ عبرانیوں 7:6-9

اعمال

راست یا غلط، نیک یا بد

فیصلے

دانشمندانہ یا احمقانہ

متّی 12: 33-34۔ رُومیوں 12: 21

اولیت

روحانی یا مادی ترجیحات

افسیوں 5: 15۔ یشوع 24: 15

رویہ

خاکساری یا گھمنڈی

1- کُرِنتھیوں 3: 1۔ متّی 6: 32-33۔

(یعقوب 4:6:1۔ پطرس 5:5)

ہر روز ہر ایماندار کو لحہ بہ لحہ فیصلہ کرنا ہوگا۔

کہ وہ مثبت رویے میں یا پھر منفی رویے میں زندگی بسر کرے گا (مرد)، یا کرے گی (عورت)۔

'اُس نے کہا کیا تُم بھی اب تک بے سمجھ ہو؟۔ مگر جو باتیں مُنہ سے نِکلتی ہیں وہ دِل سے نِکلتی ہیں اور وُہی آدمی کو ناپاک کرتی ہیں۔'

متّی 15:16-20

'کیونکہ جیسے (مرد) یا (عورت) اُس کے دِل کے اندیشے ہیں وہ وَیسا ہی ہے۔' امثال 23 :7

اُردو میں بائبل مقدس کے پیغامات کو حاصل کرنے کے لئے WhatsApp پر ہم سے رابطہ کریں: 0331-7150633

کلیسیا کی رُوحانی ترقی اور دُنیا میں بیداری اور رُوحانی تبدیلی کے لئے دعا گو۔

انجیل کا قرضدار! پادری فیصل جان کھوکھر